اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

Version No.	3	3	8	1

وقت: 25 منٹ **حصہ اوّل (کُل نمبر:20)**

نوٹ: **حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

سوال نمبر1: مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) مغلوں کے دور میں لشکر اور اُس سے متعلقہ آبادی کو کیا کہا جاتا تھا؟

A نو آبادی B موضع C اُردو D قصبہ

2) شمالی ہند میں اُردو نثر نگاری کا باقاعدہ آغاز کب ہوا؟

A 1800ء B 1600ء C 1700ء D 1900ء

3) امراؤ جان اَدا کے مصنف کا نام کیا ہے؟

A میر امن B مرزا ہادی رسوا C رجب علی بیگ سرور D حیدر بخش حیدری

4) وحدتِ تاثر کس صنفِ نثر کی بنیادی شرط ہے؟

A ناول B مضمون C افسانہ D ڈراما

5) ڈراما ''انارکلی'' کس کی تخلیق ہے؟

A آغا حشر B احسن لکھنوی C میرزا ادیب D امتیاز علی تاج

6) رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کس نے جاری کیا؟

A مولانا شبلی نعمانی B مولانا الطاف حسین حالی C محمد حسین آزاد D سر سید احمد خان

7) ''المامون'' ، ''الغزالی'' ، ''شعر العجم'' اور ''سیرۃ النبی ﷺ'' کس کی تخلیقات ہیں؟

A سر سید احمد خان B مولانا شبلی نعمانی C مولوی عبدالحق D محمد حسین آزاد

8) اُردو میں مضمون نگاری کا آغاز کس نے کیا؟

A مولانا شبلی نعمانی B نذیر احمد C سر سید احمد خان D مولانا الطاف حسین حالی

9) ''عوامی شاعر'' یا ''انسان دوست شاعر'' کس کو کہا جاتا ہے؟

A اکبر الٰہ آبادی B نظیر اکبر آبادی C میر تقی میر D مرزا غالب

10) 1935ء میں کس تحریک کا آغاز ہوا؟

A علی گڑھ تحریک B ترقی پسند تحریک C رومانوی تحریک D سر سید تحریک

11) نظم کے لیے ''مسمط'' کا لفظ بھی استعمال ہوا ہے؟ جس کے معنی ہیں:

A ترجیع بند B ترکیب بند C موتیوں کی لڑی D مالا

12) علامہ محمد اقبال کس شہر میں پیدا ہوئے؟

A لاہور B سیالکوٹ C کراچی D حیدر آباد

13) ''اکبر شیر کی طرح بہادر ہے'' یہ جملہ علمِ بیان کی رُو سے کیا ہے؟

A استعارہ B تشبیہ C مجازِ مرسل D تلمیح

14) ''ماورا'' ، ''ایران میں اجنبی'' اور ''گمان کا ممکن'' کس کی تخلیقات ہیں؟

A ن۔م۔راشد B احسان دانش C فیض احمد فیض D مجید امجد

15) مجید امجد کی شاعری کا مجموعی رنگ کیا ہے؟

A مزاحیہ B طربیہ C حزنیہ D طربیہ

16) ''جہانِ دانش'' کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟

A ناول B افسانہ C سوانح D سفر نامہ

17) پاکستان کا قومی ترانہ کس کی تخلیق ہے؟

A فیض احمد فیض B علامہ اقبال C حفیظ جالندھری D احمد ندیم قاسمی

18) ''بغداد'' ، ''نیشاپور'' اور ''قرطبہ'' کی وجہ شہرت کیا تھی؟

A تجارت B تعلیم C سیاست D زراعت

19) مولانا الطاف حسین حالی کس سن میں پیدا ہوئے؟

A 1837ء B 1838ء C 1839ء D 1840ء

20) کس شاعر نے طنز و ظرافت کے پردے میں نئی تہذیب کو تنقید کا نشانہ بنایا؟

A اکبر الٰہ آبادی B علامہ محمد اقبال C مجید امجد D ن۔م۔راشد

اُردو اختیاری   ایچ ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے   کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲۔ ڈپٹی نذیر احمد بجا طور پر اُردو کے پہلے ناول نگار ہیں۔ اپنی رائے دیتے ہوئے ایک جامع نوٹ قلمبند کریں؟ (12)

(یا)

نذیر احمد کے کردار مثالی ہیں۔ یہ رائے کس حد تک درست ہے۔ نذیر احمد کے تخلیق کردہ کرداروں کی روشنی میں بحث کریں۔

سوال نمبر۳۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو۔ (3x5=15)

(i) سلمان کی آمد پر گھر والوں نے کس تاثر کا اظہار کیا؟

(ii) اعلیٰ تعلیم کے لیے کون سی دو چیزیں لازمی خیال کی جاتی تھیں؟ ''مسلمانوں کے قدیم طرز تعلیم'' مضمون کی روشنی میں جواب تحریر کریں۔

(iii) کتابیں پڑھے بغیر مصنف ان پر کیسے رائے زنی کرتا تھا؟

(iv) ''جاوید کے نام'' خط میں علامہ اقبال نے اُسے کیا تلقین کی ہے؟

سوال نمبر۴۔ سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ واسطے ضروریات کے اسباب خانہ داری کا جمع کیا اور دو غلام خدمت کی خاطر مول لیے اور باقی پونجی سے ایک دکان بزازی کی کر کے خدا کے توکل پر بیٹھا۔ اپنی قسمت پر راضی تھا۔ اگرچہ بھائیوں نے بدخُلقی کی پر خُدا جو مہربان ہوا، تین برس کے عرصے میں ایسی دُکان جمی کہ میں صاحب اعتبار ہوا۔ سب سرکاروں میں جو تحفہ جاتا، میری ہی دکان سے جاتا۔

ب۔ میں ایک لڑکی کو کسی گناہ، جرم اور قصور کے بغیر سزا دینے کے بعد مناسب نہیں سمجھتا کہ کسی اور گھر کے دروازے پر دستک دی جائے۔ اگر بے گناہوں کو ذاتی انتقام کی آگ میں جھونک دینے کا سلسلہ چل نکلا تو ہر طرف شعلے ہی شعلے بھڑک اُٹھیں گے۔ کرے کوئی اور بھرے کوئی کی روایت نہ جانے کتنے گھروں کا سکون لوٹ لے گی۔ کتنے گھر تباہ و برباد ہو جائیں گے۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالۂ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔

اسے تیمور نے روندا، اِسے بابر نے ٹھکرایا
مگر اس خاک کی عالی وقاری میں فرق نہ آیا
یہاں سے بارہا گزرے اٹالے بارگاہوں کے
قدم چومے ہیں اس مٹی نے اکثر بادشاہوں کے
کہاں اب وہ شکوہ نادری، اقبال ابدالی
لیا کرتے تھے جن سے سخت پتھر درسِ پامالی

ب۔

آیا ہمارے دیس میں اک خوشنوا فقیر
آیا اور اپنی دُھن میں غزل خواں گزر گیا
سنسان راہیں خلق سے آباد ہو گئیں
ویران مے کدوں کا نصیبہ سنور گیا
تھیں چند ہی نگاہیں جو اُس تک پہنچ سکیں
پر اُس کا گیت سب کے دلوں میں اتر گیا

سوال نمبر۶۔ میر انیس کی مرثیہ نگاری پر نوٹ لکھیے۔ (9)

(یا)

شاعر نے ''برسات کی بہاریں'' میں جو برسات کا منظر بیان کیا ہے۔ اُسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (10)

الف۔ دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ب۔ پریم چند بطور افسانہ نگار
ج۔ علامہ اقبال کا تصورِ خودی
د۔ سرسید تحریک کے اردو ادب پر اثرات

سوال نمبر۸۔ درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ ناول
ب۔ مضمون

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ حمد
ب۔ نظم